”بلاشبہ کچھ لوگ اللہ کے مال میں ناحق تصرف کرتے ہیں چنانچہ ایسے لوگوں کے لیے قیامت کے دن جہنم ہے“

خولہ انصاریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کو کہتے ہوئے سنا: ”بلاشبہ کچھ لوگ اللہ کے مال میں ناحق تصرف کرتے ہیں چنانچہ ایسے لوگوں کے لیے قیامت کے دن جہنم ہے“

[صحيح] [رواه البخاري]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ کچھ لوگ مسلمانوں کے مال میں غلط تصرف کرتے ہیں اور اس پر ناحق قبضہ کر بیٹھتے ہیں دراصل یہ ایک عام معنی ہے، جس میں ناجائز طریقہ سے مال جمع کرنا، کمانا اور غلط جگہوں میں خرچ کرنا سب کچھ شامل ہے اس کے دائرہ میں یتیموں کا مال ہڑپ جانا، وقف کے اموال پر قبضہ کر لینا، امانتوں کا انکار کر دینا اور بغیر کسی حق کے عوامی فنڈز پر ہاتھ صاف کرنا بھی آتا ہے پھر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ قیامت کے دن ایسے لوگوں کی جزا جہنم ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5331